


87 87% 17:45

عام انتخابات: سیاسی جماع: Search



فوزیہ قصوری نے تحریک انصاف چھوڑ دی، اب کس پارٹی کو جوائن کر









87 87% 17:45

بٹا، نہیں۔۔۔سب سے زیادہ کرپٹ بیٹا، ہیش ٹیگ پر ٹرینڈ بن گیا



اہم خبریں، پاکستان

عام انتخابات: سیاسی جماعتوں کیلئے پانچ فیصد ٹکٹ خواتین کو دینا لازم

MAY 12, 2018 | ASIF AZAM | LEAVE A COMMENT

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی پانچ فیصد نشستوں پر خواتین کو ٹکٹ نہ دینے والی سیاسی جماعتیں عام انتخابات نہیں لڑ سکیں گی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے بھرتیوں پر پابندی ختم کرنے کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں خواتین کو 5 فیصد سے کم ٹکٹ جاری کرنے والی جماعت کو انتخابی نشان نہیں ملے گا۔ انٹرا پارٹی انتخابات اور گوشوارے جمع کرانا بھی ضروری ہے۔تمام سیاسی جماعتیں 15 مئی تک مطلوبہ تفصیلات جمع کرا دیں۔ کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے انتخابی نشان کیلئے نئی درخواستیں بھی طلب کر لیں۔ادھر الیکشن کمیشن نے عام انتخابات تک بھرتیوں اور ترقیاتی فنڈز پر پابندی کے اپنے حکم کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا ہے۔

